© rasailojaraid.com

## ’’پادریوں کے کرتوت‘‘ تحقیق وترتیب: محمد متین خالد

ضخامت: ۵۶۰ صفحات قیمت: =/۲۵۰ روپے ملنے کا پتا: علم وعرفان پبلشرز، اردو بازار۔ لاہور

اہل کلیسا کی ہمہ نوعی بے راہ روی تاریخ انسانیت کا انتہائی سیاہ باب ہے۔ آسمانی کتب میں حسب منشا حک واضافہ‘ عصمت مآب انبیاء ومرسلین علیھم السلام پر حیا سوز الزامات وبے طرح بہتان تراشیاں‘ حلت وحرمت سے کنارہ کشی‘ امتیاز خیر وشر سے عملاً علیحدگی ایسی حیوانی کیفیات ہیں جن سے انسانی شرف ومجد معرض خطر میں ہے۔ احکام الٰہی سے روگردانی نے نصرانیت کے مذہبی پیشواؤں کو مکمل طور پر آبرو باختہ کر دیا اوران کی دیکھا دیکھی عامۃ الناس بھی اس ذلت وگمراہی کا نخچیر ہو کر رہ گئے۔ رومن کیتھولک چرچ کے پادری اور راہبائیں بشمول پاپائے اعظم ایسی مسافت کے راہی ہیں جس کی کوئی منزل ہے نہ ٹھکانہ۔ ان سب نے یہود کے ملاپ سے ایک معصیت بردوش تہذیب کو جنم دیا جو بالکل عریاں‘ غیر شائستہ اور پرلے درجے کی بد اخلاق ہے۔ حرص وآز اور جانوروں ایسی لذات قاہرہ کا حصول اس کا مدعا ہے۔ ماں بہن بیٹی اور بہو کی عزت وعفت اس میں متروکات سخن ہو کر رہ گئی ہیں۔ سالہا سال مرد عورت کا اکٹھا رہنا‘ ناجائز اولادیں پیدا کرنا پھر من چاہے انداز میں بیاہ رچانے کا تکلف کرنا‘ دھڑلے سے خنزیر کا گوشت کھانا اور بے دھڑک شراب کے جام لنڈھانا صلیبیوں کی حیات مستعار کے اجزائے ترکیبی بن گئے ہیں۔ اکیسویں صدی میں اس تہذیب نوی کی خرمستیاں بہ ظاہر عروج پر ہیں مگر باطناً یہ صورت حال تمدن روما کے احیائے ثانی کی چغلی کھا رہی ہے اس دورِ ظلمت کی بازیافت کے جنون نے اہل مغرب کو کہیں کا نہیں چھوڑا۔ وہ اس الٹے سیدھے آڑے ترچھے راستے پر بگٹٹ بھاگتے جا رہے ہیں۔ ایسے میں وہ اس پر بے لگام بھی ہیں اور شتر بے مہار بھی۔

مکرمی محمد متین خالد کی مرتبہ تحقیقی کتاب ’’پادریوں کے کرتوت‘‘ اصلاً اسی عصیاں بکف تہذیب نصاریٰ کی خفی وجلی مشتملات کا افشردہ وعشارہ ہے۔ جس کے وجود نا سعید نے صلیبی دنیا کی عبادت گاہوں اور گھروں کو بیک وقت جنسی اڈوں میں تبدیل کر دیا ہے۔ زیر نظر کتاب ٹھوس مواد پر مشتمل انکشافات ہی نہیں بلکہ ایک دلِ دردمند کی جانب سے اس عہد ناہموار کی دھوپ چھاؤں کڑواہٹوں کے خلاف صدائے احتجاج بھی ہے۔ اس تحقیق پر جناب متین خالد قابلِ صد مبارکباد ہیں۔ اس کا مطالعہ نژادِ نو کو ذہنی‘ فکری‘ نظریاتی اور بہت سی روحانی وتمدنی بیماریوں سے محفوظ رکھے گا۔ ان شاء اللہ (تبصرہ: سید یونس الحسنی)

## ’’حقیقت احمدیت‘‘ مؤلف: ملک احسان الحق

ضخامت: ۱۲۸ صفحات قیمت: ۶۰ روپے ناشر: ادارہ صوت القرآن ۱۰۷ عرفان چیمبرز‘ چوک قرطبہ (مزنگ چونگی) لاہور

یہ کتاب بنیادی طور پر ملک احسان الحق صاحب کے ان مناظروں کا مجموعہ ہے جو وقتاً فوقتاً وہ مرزائی مربّیوں سے


© rasailojaraid.com